
قومی بھارت

# نئے کلچر سکریٹری کے ذریعہ ساہتیہ اکادمی کا معائنہ



نئی دہلی (قومی بھارت) وزارت ثقافت کے موجودہ سکریٹری وویک اگروال نے آج رویندر بھون میں واقع ساہتیہ اکادمی اور دیگر دو اکیڈمیوں کا معائنہ کیا۔ اس دوران تمام اکیڈمیوں کے سکریٹریز بشمول سنگیت ناٹک اکادمی کی صدر سندھیا پوریچا اور دیگر عہدیدار بھی موجود تھے۔ تمام عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ کے بعد سکریٹری نے ساہتیہ اکادمی کی بک شاپ اور لائبریری کا بھی معائنہ کیا۔ سکریٹری کے ساتھ ثقافت کی وزارت کے ایڈیشنل سکریٹری امیتا پرساد سارا بھائی اور ڈائریکٹرز راجیو کمار اور انیش پی راجن بھی تھے۔ اپنے معائنہ کے دوران ثقافت کی وزارت کے سکریٹری وویک اگروال نے ساہتیہ اکادمی کی سرگرمیوں میں گہری دلچسپی لی اور اس کے کام کاج کے بارے میں تفصیل سے جانکاری حاصل کی۔ بک شاپ اور لائبریری کے معائنہ کے دوران ساہتیہ اکادمی کے سکریٹری کے سرینواس راؤ نے انہیں 24 ہندوستانی زبانوں میں اکیڈمی کی کتابوں کی اشاعت کے بارے میں آگاہ کیا اور کہا کہ ساہتیہ اکادمی ملک کا سب سے بڑا اشاعتی ادارہ ہے جو اتنی زبانوں میں شائع کرتا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ وویک اگروال نے حال ہی میں چارج سنبھالا ہے۔